# واقفیتِ عامہ

## (General Knowledge)

# 1

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور



جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بُکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## مصنّفین


- سبطِ حسن، سینئر ماہر مضمون (ہسٹری)، پی سی ٹی بی، لاہور
- عطاد ستگیر، ماہر مضمون (کیمسٹری)، پی سی ٹی بی، لاہور
- مہر صفدر ولید، ماہر مضمون (سوشل سٹڈیز)، پی سی ٹی بی، لاہور
- عبد الرّؤف زاہد، ماہر مضمون (فزکس)، پی سی ٹی بی، لاہور
- شہزاد محمود علی، ماہر مضمون (اسلامیات)، پی سی ٹی بی، لاہور
- قیصر سلیم، ماہر مضمون (فزکس)، پی سی ٹی بی، لاہور
- محمد انور ساجد، ماہر مضمون (جنرل سائنس) پی سی ٹی بی، لاہور

### ایڈیٹرز

- ڈاکٹر سمن جمیل
سینئر ماہر مضمون (کیمسٹری)، پی سی ٹی بی، لاہور
- غفران احمد آصف
ماہر مضمون (بائیولوجی)، پی سی ٹی بی، لاہور

### نظرِ ثانی کمیٹی (Review Committee)

- پروفیسر ڈاکٹر عابد ضیاء، سابق وائس پرنسپل گورنمنٹ سائنس کالج وحدت روڈ لاہور۔
- پروفیسر رحمان اللہ چوہدری، سابق پروفیسر پولیٹیکل سائنس، گورنمنٹ کالج سول لائنز، لاہور۔
- حافظ محمد ارشد، صدرِ شعبہ (اسلامیات) دی پنجاب سکول ٹاؤن شپ لاہور۔
- محمد ندیم اصغر، ماہر مضمون (بائیولوجی)، ڈائریکٹوریٹ آف سٹاف ڈویلپمنٹ، وحدت کالونی، لاہور

### نظرِ ثانی کمیٹی برائے NOC

- پروفیسر ڈاکٹر عبد الرؤف شکوری، ڈائریکٹر سکول آف بائیولوجیکل سائنسز، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- محمد شکور، پرنسپل (ریٹائرڈ)، کریسنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول، شادمان، لاہور۔
- ظفر مہدی ظفر، سینئر سائنس ٹیچر (ریٹائرڈ)، ڈویژنل پبلک سکول، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔




**نگرانِ طباعت:** محمد انور ساجد
ماہر مضمون (جنرل سائنس)، پی سی ٹی بی، لاہور

**ڈائریکٹر (مینوسکرپٹس):** ڈاکٹر مبین اختر

**ڈپٹی ڈائریکٹر (گرافکس) / آرٹسٹ:** عائشہ وحید

**کمپوزنگ اینڈ لے آؤٹ:** حافظ انعام الحق

# پیش لفظ

یہ کتاب واقفیّتِ عامہ 1 حکومتِ پنجاب کی جانب سے جماعت اوّل تا سوم کے طلبہ کے لیے ذریعہ تعلیم اُردُو کر دیے جانے کے احکامات کی روشنی میں تیار کی گئی ہے تا کہ بچے اپنی تعلیم کے ابتدائی سالوں میں مختلف تصوّرات اور حقائق سے بآسانی آگاہی حاصل کر سکیں۔ اس کی تیاری کے ابتدائی مرحلے میں نصاب 2006ء میں طے شدہ حاصلات تعلّم (SLOs) کو ان سے متعلقہ تمام ٹولز یعنی کتاب، سامان تدریس، تدریسی منصوبہ جات، آزمائشی سرگرمیوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعے بروئے کار لانے کی نصابی تاکید پر عمل کیا گیا۔ ہر ٹول کے لیے حاصلات تعلّم (S L O s) کو مخصوص کیا گیا۔ کتاب سے متعلقہ ترجیحی حاصلات تعلّم (Prioritized SLOs) کی روشنی میں اس کتاب کا مسوّدہ تیار کیا گیا جسے ماہرین نصاب اور درسی کتب کی کمیٹی کے سامنے نظرِ ثانی کے لیے پیش کیا گیا۔ نظرِ ثانی کمیٹی کی تجاویز و ہدایات کی روشنی میں مسودے کو حتمی شکل دی گئی۔

نظرِ ثانی کمیٹی نے اپنی ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی پا کر مسوّدے کو بچّوں کی ذہنی سطح اور ترجیحی حاصلات تعلّم کے مطابق قرار دے دیا۔ نظرِ ثانی کمیٹی کی سفارش پر مجاز اتھارٹی نے کتاب کی اشاعت کی منظوری دے دی۔

ماہرین کی جس ٹیم نے کتاب تیار کی اسی نے اس کے تدریسی منصوبہ جات (Lesson Plans) بھی تیار کیے۔ مزید برآں سکولوں میں جا کر اساتذہ اور بچوں سے نہ صرف کتاب کے بارے میں اُن کی رائے لی گئی بلکہ کلاس رُوم ورکشاپس کے ذریعے اس کی پری ٹیسٹنگ بھی کی گئی۔ کتاب کی مزید بہتری کے لیے آپ کی تجاویز اور قیمتی آراء کا انتظار رہے گا۔

مصنّفین




# فہرست


| باب نمبر | مضمون | صفحہ | باب نمبر | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اللہ تعالیٰ ایک ہے | 1 | 13 | سکول | 28 |
| 2 | انبیاء کرام علیہم السّلام | 4 | 14 | صحت | 30 |
| 3 | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 6 | 15 | دُکان / بازار | 34 |
| 4 | الہامی کتابیں | 8 | 16 | ذرائع آمد و رفت | 39 |
| 5 | نماز | 9 | 17 | اچھے اخلاق | 43 |
| 6 | تعوّذ، تسمیّہ، کلمہ طیّبہ | 11 | 18 | پودے اور جانور | 45 |
| 7 | میرا تعارف | 13 | 19 | ہمارے اِرد گرد پائی جانے والی چیزیں | 51 |
| 8 | میرا جسم | 15 | 20 | ہماری زمین | 56 |
| 9 | صفائی | 19 | 21 | آسمان | 57 |
| 10 | میرا خاندان | 21 | 22 | موسمی حالات | 58 |
| 11 | ہماری خوراک | 23 | 23 | موسم | 59 |
| 12 | کھیل | 26 | | | |




باب 1

# اللہ تعالیٰ ایک ہے



اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اُس نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔ زمین اور آسمان اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے مزے مزے کے پھل پیدا کیے ہیں۔ خوبصورت پھُول بنائے ہیں۔ رات میں چمکتے چاند اور ستارے بھی اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔ دنیا کی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔ ہم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔



زمین اور آسمان اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔



دِن کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔




رات کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔



پرندے اور جانور اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔



انسانوں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔



سارے پھل بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔



پھول بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔

# سرگرمی

1- رات کو آسمان پر نظر آنے والی چیزوں کے نام بتائیں۔

2- گرمیوں میں پیدا ہونے والی چند سبزیوں اور پھلوں کے نام بتائیں۔

3- مختلف پھولوں کی تصویریں اکٹھی کر کے نیچے دیے گئے خانوں میں لگائیں۔

باب 2

# انبیاء کرام علیہم السّلام

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے بہت سے نبی بھیجے۔ یہ نبی اللہ تعالیٰ کا پیغام انسانوں تک پہنچاتے تھے۔ لوگوں کو اچھے کام کرنے اور برے کاموں سے بچنے کی تعلیم دیتے تھے۔

چند انبیاء کرام علیہم السّلام کے نام یہ ہیں۔

## 1- حضرت آدم علیہ السّلام

آپؑ سب سے پہلے نبی تھے۔ آپؑ زمین پر آنے والے سب سے پہلے انسان ہیں۔ آپؑ تمام انسانوں کے باپ بھی کہلاتے ہیں۔

## 2- حضرت ابراہیم علیہ السّلام

آپؑ اللہ تعالیٰ کے خلیل تھے۔ خلیل کے معنی دوست کے ہیں۔ آپؑ بڑے درجے والے نبی تھے۔ آپؑ کے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السّلام اور حضرت اسحاق علیہ السّلام بھی نبی تھے۔

## 3- حضرت موسیٰ علیہ السّلام

آپؑ اللہ تعالیٰ سے باتیں کیا کرتے تھے اور بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

## 4- حضرت عیسیٰ علیہ السّلام

آپؑ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔

## 5- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

### سرگرمی 1

**ان سوالات کے زبانی جواب دیں۔**

1- سب سے پہلے نبی کا نام بتائیں۔

2- اللہ تعالیٰ کے خلیل کون سے نبی تھے؟

3- سب سے آخری نبی کا نام بتائیں۔

### سرگرمی 2

**دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

انسان | بیٹے | نبی | آخری

1- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے ۔۔۔۔۔۔۔۔ نبی ہیں۔

2- حضرت موسیٰ علیہ السّلام بنی اسرائیل کے ۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔

3- حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے ۔۔۔۔۔۔۔۔ حضرت اسماعیل علیہ السّلام بھی نبی تھے۔

4- حضرت آدم علیہ السّلام زمین پر آنے والے پہلے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو بتائیں کہ لوگوں کو اچھی اچھی باتیں سمجھانے کے لیے بہت سے انبیاء علیہم السّلام آئے۔ انھوں نے لوگوں کو سمجھایا کہ اللہ ایک ہے۔ اسی کی عبادت کرنی چاہیے۔ ایک دوسرے کے ساتھ پیار سے رہنا چاہیے۔ کسی کو تکلیف نہیں دینی چاہیے۔

باب 3

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم



حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکّہ میں پیدا ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد کا نام حضرت عبد اللّٰہ تھا۔ حضرت عبد اللّٰہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیدا ہونے سے پہلے ہی وفات پا چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دادا حضرت عبد المطلب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں نبوّت کا اعلان فرمایا۔

اللّٰہ تعالیٰ کی آخری کتاب قرآن مجید آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیشہ سچ بولتے اور امانت دار تھے۔ اسی لیے مکّہ کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو 'صادق' اور 'امین' کہتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے 63 سال عمر پائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا روضہ مبارک مدینہ منوّرہ میں ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بچوں سے بہت پیار کرتے تھے۔ اگر نماز کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کسی بچے کے رونے کی آواز آجاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نماز کو مختصر فرما دیتے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے نواسوں حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے بہت پیار کرتے تھے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سجدے میں گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نواسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کمر پر بیٹھ گئے۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نواسے چھوٹے بچّے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سجدے میں ہی رہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نواسے کمر سے اُترے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سجدے سے سر اُٹھایا۔

جب بھی حضرت محمدؐ کا نام پڑھا یا سُنا جائے تو صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہا جائے۔

## سرگرمی 1

**ان سوالات کے زبانی جواب دیں۔**

1- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس شہر میں پیدا ہوئے؟

2- اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب کا کیا نام ہے؟

3- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روضہ مبارک کہاں واقع ہے؟

4- مکّہ کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا کہہ کر پکارتے تھے؟

## سرگرمی 2

**دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| چالیس | حضرت آمنہ | بچوں |

1- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کا نام .......... تھا۔

2- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ..........سال کی عمر میں نبوّت کا اعلان فرمایا۔

3- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .......... سے بہت پیار کرتے تھے۔

# باب 4 الہامی کتابیں

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے اپنے رسولوں پر کتابیں نازل فرمائیں۔ یہ الہامی کتابیں کہلاتی ہیں۔ الہامی کتابوں کے نام یہ ہیں۔



قرآن مجید

1- تورات: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
2- زبور: حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
3- انجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
4- قرآن مجید: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔

مسلمان سب الہامی کتابوں کا احترام کرتے ہیں۔

## سرگرمی

انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کو اُن پر نازل ہونے والی کتابوں سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | تورات |
| حضرت داؤد علیہ السلام | انجیل |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | زبور |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | قرآن مجید |

باب 5

# نماز

اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے اچھی اچھی چیزیں پیدا کی ہیں۔ ان چیزوں کے لیے ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے ہم اس کی عبادت کرتے ہیں۔



مسجدِ نبوی

نماز پڑھنا اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔

ہم دن میں پانچ مرتبہ نماز پڑھتے ہیں۔

نماز پڑھنے سے پہلے صاف ستھرا ہونا ضروری ہے۔

صاف ستھرا ہونے کے لیے وضو کیا جاتا ہے۔

## نمازوں کے نام

| | | |
|---|---|---|
| فجر | ظہر | عصر |
| مغرب | عشاء | |



فیصل مسجد

مسلمان مسجد میں نماز ادا کرتے ہیں۔

مسجد میں لوگوں کو بلانے کے لیے اذان دی جاتی ہے۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو دوسرے مذاہب کے بارے میں بھی آگاہ کریں۔

دوسرے مذاہب کے لوگ بھی عبادت کے لیے اپنی اپنی عبادت گاہوں میں جاتے ہیں۔
ہمیں تمام لوگوں کی عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔



ہندو مندر میں عبادت کرتے ہیں۔



مسیحی چرچ میں عبادت کرتے ہیں۔



سکھ گردوارے میں عبادت کرتے ہیں۔

## سرگرمی 1

**ان سوالات کے زبانی جواب دیں۔**

1- ہم روزانہ کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟ ان کے نام بتائیں۔
2- مسلمان نماز کہاں پڑھتے ہیں؟
3- ہندو کس جگہ عبادت کرتے ہیں؟
4- سکھوں کی عبادت گاہ کا کیا نام ہے؟

## سرگرمی 2

**دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| وضو | عبادت | چرچ |

1- اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا ۔۔۔۔۔۔ ہے۔
2- نماز پڑھنے سے پہلے ۔۔۔۔۔۔ کیا جاتا ہے۔
3- مسیحی ۔۔۔۔۔۔ میں عبادت کرتے ہیں۔

باب 6

# تعوّذ، تسمیّہ، کلمہ طیّبہ

## تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

ترجمہ: میں پناہ مانگتا / مانگتی ہوں اللہ کی شیطان مردُود سے۔

## تسمیّہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

## کلمہ طیّبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۝

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچّوں کو تعوّذ، تسمیّہ اور کلمہ طیّبہ یاد کروائیں۔ ان کا ترجمہ سمجھائیں۔ یہ بھی بتائیں کہ ہر کام کرنے سے پہلے تسمیّہ پڑھنا چاہیے۔

## سرگرمی 1

پہلے خانے میں دی گئی عبارت کو دوسرے خانے کی عبارت کے ساتھ درست طور پر ملائیں۔

| | |
|---|---|
| تعوّذ | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ |
| تسمیّہ | لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ۝ |
| کلمہ طیّبہ | اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ۝ |

## سرگرمی 2

1- تعوّذ اور اس کا ترجمہ سُنائیں۔

2- تسمیّہ اور اس کا ترجمہ سُنائیں۔

3- کلمہ طیّبہ اور اس کا ترجمہ سُنائیں۔

باب 7

# میرا تعارف

میرا نام ......... ہے۔ میرے ابو کا نام ......... ہے۔ میری عمر ......... سال ہے۔ میری امی کا نام ......... ہے۔ میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔ میرا ایک چھوٹا بھائی ہے۔ ہم صبح سویرے اٹھتے ہیں۔ امی ہمیں ناشتہ بنا کر دیتی ہیں۔


میں ہمیشہ سچ بولتا ہوں۔ میں بڑوں کی عزّت کرتا ہوں۔ مجھے فٹ بال کا کھیل پسند ہے۔ میں پھل شوق سے کھاتا ہوں۔

## میری اچھی عادات


مل جل کر کھیلنا


مل جل کر پڑھنا

## دوسروں کی اچھی عادات


جانوروں سے رحم دلی


قطار بنانا

# سرگرمی

**اپنے والدین سے پوچھ کر خالی جگہ میں اپنی عمر لکھیں۔**

1- میں آج سے ............... سال پہلے پیدا ہوا۔

2- میں نے ............... سال کی عمر میں چلنا سیکھا۔

3- میں نے ............... سال کی عمر میں بولنا شروع کیا۔


4- میں نے ............... سال کی عمر میں سکول جانا شروع کیا۔

5- میں ............... سال کی عمر میں پہلی جماعت میں آیا۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

1- بچوں کی رہنمائی کریں کہ وہ کلاس میں باری باری اپنا تعارف کروائیں۔

# میرا جسم









## ہمیں چیزوں کے بارے میں کیسے معلوم ہوتا ہے؟








میں آنکھوں سے چیزوں کو دیکھتی ہوں۔ میں ناک سے پھولوں کی خوشبو سونگھتی ہوں۔ مجھے زبان سے چیزوں کا ذائقہ معلوم ہوتا ہے۔ میں ہاتھوں سے چیزوں کو محسوس کرتی ہوں۔ میں کانوں سے آوازیں سنتی ہوں۔

## سرگرمی 1

الفاظ کو تصویر سے ملائیں۔




دیکھنا



سننا



چکھنا



چھونا



سونگھنا

## سرگرمی 2

(سرگرمی کے لیے ٹیچر مختلف ذائقوں والی چیزوں مثلاً لیموں، نمک اور چینی کا انتظام کریں۔)

ٹیچر کی ہدایت کے مطابق دی گئی چیز کو زبان پر رکھیں اور اس کا ذائقہ بتائیں۔










## سرگرمی 3

آپ کے ٹیچر کلاس میں کپاس کا پھول یا رُوئی اور اینٹ لائیں گے۔ آپ دونوں چیزوں کو اپنے ہاتھ سے چُھو کر بتائیں کہ کون سی چیز نرم ہے اور کون سی سخت۔






**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

طلبہ کو حواس خمسہ اور ان سے متعلقہ جسم کے حصّوں کے متعلق بتائیں۔

باب 9

# صفائی

صاف ستھرا رہنے کو صفائی کہتے ہیں۔ہم صابن سے ہاتھ دھوتے ہیں۔ہم اپنے کپڑوں کو صاف رکھتے ہیں۔روزانہ برش کرنے سے دانت صاف رہتے ہیں۔ہم اپنے بال صاف رکھنے کے لیے ان میں کنگھی کرتے ہیں۔ہمیں روزانہ نہانا چاہیے۔ناخن کاٹنے سے ان میں جمی ہوئی گندگی دور ہو جاتی ہے۔ہمیں اپنے گھر اور ماحول کو بھی صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔اگر ہم صاف ستھرے نہ رہیں تو بیمار ہو جائیں گے۔صاف ستھرا رہنے سے صحت اچھی رہتی ہے۔صحت اچھی ہو تو پڑھائی میں دل لگتا ہے۔



صاف ستھرے کپڑے پہننا



دانت صاف کرنا



بالوں میں کنگھی کرنا



ناخن کاٹنا

## سرگرمی

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| برش | صابن | گندگی | صحت | صاف |

1- اپنے کپڑوں کو................رکھیں۔

2- دانتوں کو................سے صاف کریں۔

3- صاف ستھرا رہنے سے................اچھی رہتی ہے۔

4- بیماریاں................سے پھیلتی ہیں۔

5- کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ................سے دھوئیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

طلبہ کو بتایا جائے کہ صحت کے لیے صفائی کتنی اہم ہے۔

باب10

# میرا خاندان



میرا گھر شہر میں ہے جہاں میں اپنے ابُّو، امّی، بہن اور بھائی کے ساتھ رہتا ہوں۔ شہر کے پاس ہی گاؤں میں میرے دادا جان اور دادی جان رہتے ہیں۔ وہ جب بھی ہمارے گھر آتے ہیں گاؤں سے کھانے کی چیزیں لاتے ہیں۔ ہم بھی چھٹیوں میں گاؤں جاتے ہیں۔ گاؤں میں ہمارے چچا اور ماموں بھی رہتے ہیں۔ ہم اپنے چچا زاد اور ماموں زاد بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر کھیلتے ہیں۔ ہم اپنے خاندان کے لوگوں سے بہت پیار کرتے ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

1- بچوں سے اُن کے قریبی رشتہ داروں کے بارے میں سوالات کریں۔
2- بڑوں کا عزت و احترام کیسے کرتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

## سرگرمی 1

قریبی رشتہ داروں کے نام ملائیں

| | |
|---|---|
| امی کی امی | نانا |
| ابو کے بڑے بھائی | چچا |
| امی کی بہن | نانی |
| امی کے بھائی | خالہ |
| ابو کی بہن | ماموں |
| ابو کے چھوٹے بھائی | تایا |
| امی کے ابو | پھوپھی |

## سرگرمی 2

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

حکم    پیار    احترام


1- میں اپنے چچازاد سے.................کرتا ہوں۔

2- میں اپنے تایا جان کا................. مانتی ہوں۔

3- بڑوں کا.................کرنا ہمارا فرض ہے۔

باب 11

# ہماری خوراک



ہمیں زندہ رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ہم صبح کے وقت ناشتہ کرتے ہیں۔ ناشتے میں ہم انڈے کے ساتھ پراٹھا کھاتے ہیں اور دودھ پیتے ہیں۔

سکول سے واپس آکر ہم دوپہر کا کھانا کھاتے ہیں۔دوپہر کے کھانے میں ہمیں سبزی اور گوشت پسند ہیں۔رات کے کھانے میں ہم دال اور چاول شوق سے کھاتے ہیں۔کھانے کے بعد پھل بھی کھاتے ہیں۔

ہماری امی مزے مزے کے کھانے بناتی ہیں۔ہماری امی کہتی ہیں کہ کھانا بیٹھ کر، آہستہ آہستہ اور خوب چبا کر کھانا چاہیے۔کھانے کے دوران باتیں نہیں کرنی چاہییں۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ دھونے چاہییں۔


کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنی چاہیے۔کھانا ختم کرنے پر اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہ کہنا چاہیے۔


## سرگرمی 1


**ان سوالات کے زبانی جواب دیں۔**


1- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ کیوں دھوتے ہیں؟

2- کس جانور کا گوشت آپ کو پسند ہے؟


مرغی



بکرا



گائے



مچھلی


## سرگرمی 2

**اپنی پسند کی سبزیوں پر نشان لگائیں۔**



آلو



گوبھی


بینگن


گاجر


پالک


مٹر


کریلا


شلجم

# سرگرمی 3

اپنی پسند کے پھلوں پر نشان لگائیں۔




آم



انار




سیب




خربوزہ




انگور



کیلا



امرود



ٹماٹر



کھجور

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو خوراک کی اہمیت سے آگاہ کریں۔

باب 12

# کھیل


جیسے ہی آدھی چھٹی کی گھنٹی بجی طلبہ کمرہ جماعت سے باہر نکل آئے۔سب کھیل کے میدان میں پہنچ گئے۔کھیل کے میدان میں کھیلنے کی بہت سی جگہیں ہیں۔ کچھ طلبہ نے کرکٹ کھیلنا شروع کر دیا۔کچھ ہاکی کھیلنے لگےاور کچھ فٹ بال کھیلنے میں مصروف ہو گئے۔میدان کے ایک کونے میں بیڈ منٹن کا نیٹ تھا۔میں نے علی کے ساتھ بیڈ منٹن کھیلنا شروع کر دیا۔ہمارے دوست باسکٹ بال کھیل رہے تھے۔ آدھی چھٹی کا وقت ختم ہونے کی گھنٹی بجی تو سب طلبہ اپنے اپنے کمرہ جماعت میں پہنچ گئے۔



فٹ بال




ہاکی



کرکٹ



بیڈ منٹن



باسکٹ بال

# سرگرمی

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

-1 بیٹ کس کھیل میں استعمال ہوتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| فٹ بال | کرکٹ | بیڈمنٹن |

-2 کس کھیل میں نیٹ استعمال ہوتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| بیڈمنٹن | کرکٹ | فٹ بال |

-3 کون سے کھیل میں گیند کو گول میں پھینکتے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| باسکٹ بال | کرکٹ | ہاکی |

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

-1 طلبہ کو کھیلوں میں حصّہ لینے والی ٹیم کے ارکان کی تعداد بتائیں۔

-2 طلبہ کو کھیلوں کی اہمیّت کے بارے میں بتائیں۔

-3 کھیل کے عمومی اصولوں کے بارے میں آگاہ کریں مثلاً اپنی باری کا انتظار کرنا، ایمپائر کی بات ماننا، ہار جیت کو کھلے دل سے قبول کرنا، وغیرہ۔

باب 13

# سکول




میں اپنے گھر کے قریب ایک سکول میں پڑھتا ہوں۔ ہمارا سکول بہت خوبصورت ہے۔ اس میں آٹھ کمرے اور کھیلنے کے لیے ایک میدان ہے۔ سکول میں پھول اور درخت لگے ہوئے ہیں۔ ہمارے سکول میں ایک لائبریری بھی ہے۔ لائبریری میں بیٹھ کر طلبہ کتابیں پڑھتے ہیں۔

ہمارے سکول میں دس اساتذہ ہیں۔ سکول میں ایک مالی ہے جو پودوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ چوکیدار سکول کے سامان کی حفاظت کرتا ہے۔ سکول کے تمام کاموں کی نگرانی ہیڈ ماسٹر صاحب کرتے ہیں۔ ہم اپنے اساتذہ اور دوسرے سٹاف کی عزّت کرتے ہیں۔

صبح پہلے اسمبلی ہوتی ہے۔ پھر ہم پڑھنے کے لیے کمرہ جماعت میں چلے جاتے ہیں۔ ہمارے اساتذہ ہمیں بہت پیار سے پڑھاتے ہیں۔ آدھی چھٹی کے وقت ہم سکول کے میدان میں کھیلتے ہیں۔ پھر ہم دوبارہ اپنے کمرہ جماعت میں آجاتے ہیں۔ چھٹی ہونے پر ہم گھروں کو چلے جاتے ہیں۔



کمرہ جماعت



لائبریری

## سرگرمی

**ان سوالات کے زبانی جواب دیں۔**

1- سکول میں طلبہ کو پڑھانے کا کام کون کرتا ہے؟

2- سکول میں پودوں کی حفاظت کون کرتا ہے؟

3- سکول کے کاموں کی نگرانی کس کے ذمہ ہوتی ہے؟


**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

1- طلبہ کو کمرہ جماعت کے آداب سے آگاہ کریں۔

2- اچھے لباس اور اچھی گفتگو کی اہمیّت سے آگاہ کریں۔

# صحت

باب 14




اللہ تعالیٰ نے ہمیں صحت دی ہے۔ ہمیں صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ اگر ہم صفائی کا خیال نہیں رکھیں گے تو بیمار ہو جائیں گے۔ جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو قریبی ڈسپنسری یا ہسپتال جاتے ہیں۔ وہاں ڈاکٹر اور نرسیں ہمارا علاج اور دیکھ بھال کرتے ہیں۔



چند عام بیماریاں یہ ہیں:

1- کھانسی

2- خسرہ


3- ملیریا

بیماریاں جراثیم کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہ جراثیم مختلف چیزوں پر ہوتے ہیں۔ ان چیزوں کو چھونے سے جراثیم ہمارے ہاتھوں کو لگ جاتے ہیں۔ ہاتھوں کو دھوئے بغیر چیزیں کھانے سے جراثیم ہمارے جسم میں داخل ہو جاتے ہیں اور بیماری پیدا کرتے ہیں۔

صحت مند رہنے کے لیے ہمیں ان باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔




کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں ڈالیں




روزانہ نہائیں



بالوں کو صاف رکھیں



ہاتھ صابن سے دھوئیں



ہمیشہ صاف ستھری چیزیں کھائیں



دانت صاف رکھیں

## ہدایات برائے والدین و اساتذہ

1- طلبہ کو گھر کے قریب ہسپتال یا ڈسپنسری کے بارے میں بتائیں۔

2- ایک واقعہ بیان کریں جس میں کسی بیمار کو ہسپتال لے جانے کا ذکر ہو۔

3- طلبہ کو بیماریاں پھیلنے کی مزید وجوہات سے آگاہ کریں۔

## سرگرمی 1

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جراثیم | ڈاکٹر | صفائی | بیماری |

1- ہسپتال میں .................. مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔

2- بیماریاں .................. کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

3- کھانسی ایک .................. کا نام ہے۔

4- ہمیں .................. کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

## سرگرمی 2

صحت کے لیے اچھی عادات پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا ☐


2- بازار سے چیزیں لے کر کھانا ☐

3- بالوں میں کنگھی کرنا ☐

4- روزانہ نہانا ☐

5- کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں نہ ڈالنا ☐

# دُکان / بازار



دُکان وہ جگہ ہے جہاں ضرورت کی چیزیں بکتی ہیں۔ ہر دُکان سے تمام ضروری چیزیں نہیں مل سکتیں۔ بازار وہ جگہ ہے جہاں ہر طرح کی دُکانیں ہوتی ہیں اور لوگوں کو ضرورت کی تمام چیزیں مل سکتی ہیں۔ دُکان دار لوگوں کی سہولت کے لیے مختلف چیزوں کی قیمتوں کی فہرست آویزاں کرتے ہیں۔




بازار میں مختلف دُکانیں


## مختلف اقسام کی دُکانیں



بیکری




قصاب کی دُکان




بک ڈپو (کتابوں کی دُکان)




میڈیکل سٹور (دوائیوں کی دُکان)



پھلوں کی دُکان



کپڑے کی دُکان



کھلونوں کی دُکان



جنرل سٹور

**ہدایات برائے والدین واساتذہ**

والدین بچوں کو بازار لے کر جائیں۔ چیزیں خریدتے ہوئے بچوں کو ساتھ رکھیں تاکہ انھیں چیزوں کی شناخت اور قیمتوں کا پتا چل سکے۔

## سرگرمی 1

چیزوں کو اُن سے متعلقہ دُکان سے ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ڈبل روٹی، انڈے | | میڈیکل سٹور |
| دالیں | | سٹیشنری |
| دوائی | | بیکری |
| پنسل | | کریانہ سٹور |

## سرگرمی 2

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

فہرست | چیزیں | دُکان

1- دُکان پر لوگوں کی ضرورت کی.................بکتی ہیں۔

2- دُکان دار چیزوں کی قیمتوں کی.................آویزاں کرتے ہیں۔

3- ہر محلے میں......................ہوتی ہے۔

# سرگرمی 3

اپنے محلے کی دُکان سے نیچے دی گئی چیزوں کی قیمت معلوم کر کے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| چینی ایک کلو | |
| آٹا ایک کلو | |
| گھی ایک کلو | |
| دال چنا ایک کلو | |
| نمک ایک کلو | |
| آلو ایک کلو | |
| پیاز ایک کلو | |

باب 16

# ذرائع آمدورفت

ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے ہم مختلف سواریاں استعمال کرتے ہیں۔کم فاصلے تک ہم سائیکل اور تانگہ پر جاتے ہیں۔ زیادہ فاصلے تک جانے کے لیے ہم بڑی سواریاں استعمال کرتے ہیں مثلاً موٹرسائیکل،کار،بس،ریل گاڑی،ہوائی جہاز،بحری جہاز وغیرہ۔




سائیکل




تانگہ




کار




موٹرسائیکل




ریل گاڑی



بس



بحری جہاز



ہوائی جہاز




بس سٹاپ پر بس رکتی ہے۔



ریلوے سٹیشن پر ریل گاڑی ٹھہرتی ہے۔



ہوائی جہاز ایئرپورٹ سے اُڑتے ہیں۔ یہاں پر ہوائی جہاز اترتے بھی ہیں۔



بحری جہاز بندرگاہوں پر رکتے ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

1- تصاویر اور چارٹس کی مدد سے طلبہ کو ذرائع آمدورفت کے بارے میں آگاہ کریں۔

2- ذرائع آمدورفت کے رکنے اور روانگی کے مقامات بھی ذہن نشین کروائیں۔

## سرگرمی 1

دو تیز رفتار ذرائع آمد و رفت کی تصاویر اخبارات یا رسالوں سے کاٹ کر دی ہوئی جگہوں پر لگائیں۔

## سرگرمی 2

دو سُست رفتار ذرائع آمد و رفت کی تصاویر اخبارات یا رسالوں سے کاٹ کر دی ہوئی جگہوں پر لگائیں۔

# اچھے اخلاق



اچھے اخلاق کا مطلب ہے دوسروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔ ہمیں ہمیشہ ایمان داری سے کام کرنا چاہیے۔ دوسروں کے ساتھ ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ دوسروں سے نرم الفاظ میں بات کرنی چاہیے۔

کسی سے ملتے وقت السّلامُ علیکم کہتے ہیں۔ بعض لوگ ہیلو کہتے ہیں اور صبح کے وقت گڈ مارننگ کہتے ہیں۔

کسی سے کوئی چیز مانگنی ہو یا اجازت لینی ہو تو بات اس طرح شروع کرتے ہیں: "برائے مہربانی۔۔۔" اسی طرح کوئی چیز ملنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔

## اچھے انسان کی خوبیاں

| | |
|---|---|
| 1- سچ بولنا | 2- جھوٹ سے نفرت کرنا |
| 3- ایک دوسرے سے پیار کرنا | 4- ایمان داری سے کام کرنا |
| 5- دوسروں کی عزّت کرنا | 6- ہمسایوں کی مدد کرنا |
| 7- بزرگوں کا احترام کرنا | 8- ہمدردی رکھنا |

یہ ساری خوبیاں ہمارے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں موجود تھیں۔

## سرگرمی

1- کوئی چیز لیتے وقت کیا کہنا چاہیے؟

2- ملاقات کرتے وقت کون سا لفظ استعمال کرنا چاہیے؟

3- والدین اپنے بچوں کے ساتھ کیسے پیش آتے ہیں؟

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

طلبہ میں اچھی عادات پیدا کرنے کی کوشش کریں تا کہ وہ اچھے انسان اور مسلمان بن سکیں۔

# پودے اور جانور

## پودے

ہمارے اردگرد بہت سی اقسام کے پودے ہیں۔مختلف پودوں کے پتے مختلف شکلوں کے ہوتے ہیں۔ کچھ پودے بڑے، کچھ درمیانے اور کچھ چھوٹے ہوتے ہیں۔ بڑے پودوں کو درخت کہتے ہیں۔کچھ پودوں کو بڑھنے کے لیے کسی درخت یا دیوار وغیرہ کے سہارے کی ضرورت ہوتی ہے۔ایسے پودوں کو بیل کہا جاتا ہے۔پودوں سے پھل، سبزیاں اور لکڑی حاصل ہوتی ہے۔



**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو تصویر میں سے درخت، گھاس اور بیل کی نشان دہی کروائیں۔


# پودوں کے فائدے



پرندے درختوں پر گھونسلے بناتے ہیں۔



درختوں سے ہمیں سایہ بھی ملتا ہے۔



درختوں پر مختلف جانور رہتے ہیں۔



درختوں اور پودوں سے طرح طرح کے پھل ملتے ہیں۔

## جانور

ہمارے اردگرد طرح طرح کے جانور موجود ہیں۔ کچھ جانور پانی میں رہتے ہیں اور کچھ خشکی پر۔ پرندے ہوا میں اڑتے ہیں۔ کیڑے مکوڑے زمین کے اوپر یا اس کے اندر رہتے ہیں۔ کچھ جانور گھاس کھاتے ہیں۔ کچھ جانور کیڑے مکوڑے کھاتے ہیں۔ جانوروں سے ہمیں دودھ، گوشت اور انڈے حاصل ہوتے ہیں۔ بھینس، گائے ، بکری اور اونٹنی سے ہمیں دودھ ملتا ہے۔ گائے، بکری، مچھلی، مرغی اور اونٹ سے گوشت حاصل ہوتا ہے۔ مرغیوں سے ہم انڈے بھی حاصل کرتے ہیں۔ گھوڑا، اُونٹ، خچر اور گدھا سواری کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ اِن کی مدد سے سامان کو بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاتا ہے۔



کچھ جانور جنگل میں رہتے ہیں۔



کچھ جانور دُودھ دیتے ہیں۔




کچھ جانور پانی میں رہتے ہیں۔

کچھ جانوروں کو ہم گھروں میں بھی رکھ سکتے ہیں مثلاً مرغی، کبوتر، کتا، بلی، وغیرہ۔ ایسے جانوروں کو پالتو جانور کہتے ہیں۔









## سرگرمی 1

1- ہوا میں اڑنے والے جانوروں کے گرد دائرہ لگائیں۔

بلی چڑیا طوطا

کچھوا کوا گلہری

2- پالتو جانوروں کے گرد دائرہ لگائیں۔

گھوڑا طوطا بلی شیر

کتا کوا بلبل

# سرگرمی 2


خشکی پر رہنے والے اور پانی میں رہنے والے جانوروں کو الگ الگ کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہاتھی | بندر | مچھلی | کتا |
| بلی | مینڈک | مگرمچھ | کچھوا |

| خشکی پر رہنے والے جانور | پانی میں رہنے والے جانور |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |


باب 19

# ہمارے اردگرد پائی جانے والی چیزیں




میرے گھر کے سامنے میرے دوست اقبال کا گھر ہے۔ میرے گھر کے قریب ایک بازار ہے جس میں بہت سی دکانیں ہیں۔ دُکانوں سے ہم بہت سی چیزیں خریدتے ہیں۔ میرا اسکول بھی گھر کے پاس ہی ہے۔


◀◀ مختلف چیزوں کی شکل وصورت بھی مختلف ہوتی ہے۔



- کچھ چیزیں چھوٹی ہوتی ہیں اور کچھ بڑی۔

بڑی چیزیں

چھوٹی چیزیں









- کچھ چیزیں ہموار ہوتی ہیں اور کچھ کُھردری۔

ہموار




کُھردِری



- کچھ چیزیں سخت ہوتی ہیں اور کچھ نرم۔


سخت



نرم



کچھ چیزیں بھاری ہوتی ہیں اور کچھ ہلکی۔







چیزوں سے آواز بھی پیدا ہوتی ہے۔

## آوازیں مختلف طریقوں سے پیدا کی جاتی ہیں۔


- ضرب لگانے سے آواز کا پیدا ہونا



- پھونک مارنے سے آواز کا پیدا ہونا



- ہلنے سے آواز کا پیدا ہونا



- کھینچنے سے آواز کا پیدا ہونا



چیزیں صرف دن کی روشنی میں نظر آتی ہیں۔ رات کے وقت چیزیں دیکھنے کے لیے روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔



دن کی روشنی میں چیزوں کو دیکھنا




رات کو بلب کی روشنی میں چیزوں کو دیکھنا

**لکڑی، کاغذ پلاسٹک اور لوہے سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں۔**

### لکڑی سے بنی چیزیں



### کاغذ سے بنی چیزیں




### پلاسٹک سے بنی چیزیں



## لوہے سے بنی چیزیں



**لوہے، لکڑی اور پلاسٹک سے ایک ہی قسم کی چیزیں بنائی جاسکتی ہیں۔**



لکڑی کی کرسی



لوہے کی کرسی



پلاسٹک کی کرسی



لکڑی کی میز



لوہے کی میز



پلاسٹک کی میز



لکڑی کا کھلونا



لوہے کا کھلونا



پلاسٹک کا کھلونا

### ہدایات برائے والدین و اساتذہ

1- طلبہ کو بتائیں کہ بعض چیزیں تیز روشنی پیدا کرتی ہیں اور بعض چیزیں مدھم روشنی پیدا کرتی ہیں۔

2- طلبہ کو آگاہ کریں کہ انسان اور جانور اپنے کانوں کی مدد سے آواز سنتے ہیں۔

# ہماری زمین




ہماری زمین گول ہے۔ زمین کے زیادہ حصے پر پانی ہے اور کچھ حصہ خشک ہے۔ خشک حصے پر ہم رہتے ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

طلبہ کو زمین کی تصویر دکھائیں اور بتائیں کہ زمین کے کتنے حصے پر پانی اور کتنے حصے پر خشکی ہے۔

باب 21

# آسمان



سورج کی روشنی پھیلنے سے دن نکلتا ہے۔



سورج کے غروب ہونے سے اندھیرا پھیلتا ہے اور رات ہو جاتی ہے۔

رات کے اندھیرے میں ہمیں آسمان پر چاند اور ستارے نظر آتے ہیں۔


**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

طلبہ کو دن اور رات کے بارے میں آگاہ کریں۔ اس بات کی وضاحت کریں کہ ستارے دن کے وقت بھی موجود ہوتے ہیں لیکن سورج کی روشنی کی وجہ سے نظر نہیں آتے۔


# موسمی حالات




دُھوپ



بارش



آندھی



برف باری

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو بتائیں کہ کبھی دھوپ چمک رہی ہوتی ہے تو کبھی بادل۔کبھی ہلکی ہوا چلتی ہے تو کبھی آندھی۔کبھی بارش ہوتی ہے تو کبھی برف باری۔ یہ سب موسمی حالات ہیں۔

باب 23

# موسم

ہمارے ملک میں چار موسم ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| موسمِ سرما | موسمِ بہار | موسمِ گرما | موسمِ خزاں |

موسمِ سرما میں لوگ موٹے کپڑے پہنتے ہیں۔



موسمِ سرما

موسمِ بہار میں درختوں کے نئے پتے نکل آتے ہیں
اور ہر طرف پھول ہی پھول نظر آتے ہیں۔



موسمِ بہار



موسمِ گرما

موسمِ گرما میں لوگ باریک کپڑے پہنتے ہیں۔
گرمی سے بچنے کے لیے درختوں کے سائے
میں بیٹھتے ہیں۔



موسمِ خزاں

موسمِ خزاں میں درختوں کے پتے گر جاتے ہیں۔

**ہدایات برائے والدین و اساتذہ**

بچوں کو سال کے چار موسموں کے نام یاد کرائیں۔ نیز ہر موسم کے موسمی حالات سے آگاہ کریں۔